© rasailojaraid.com



# انڈونیشیا

از شاہد حسین رزاقی

یہ کتاب انڈونیشیا کا ایک مکمل خاکہ ہے جس کے مختلف ابواب میں تاریخی تسلسل کے ساتھ عہدِ قدیم، ہندوؤں اور بدھوں اور مسلمانوں کی سلطنتوں، ولندیزیوں کے دورِ حکومت اور جنگِ آزادی کی تاریخ نہایت خوبی سے قلم بند کی گئی ہے۔ اسلامی دور کو خاص طور پر پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ چنانچہ کتاب کا بڑا حصہ انڈونیشی جزائر میں اسلام کی اشاعت، دینی افکار کی ترقی، اسلامی تحریکوں اور تنظیموں کے مقاصد و نظریات، ملی اتحاد، سیاسی بیداری اور حصولِ آزادی کے لیے ان کی جد و جہد کے تفصیلی بیان پر مشتمل ہے۔ اس کے ساتھ ہی قومی اور اشتراکی تحریکوں، تعلیمی اور ثقافتی جماعتوں اور ملک کی اہم شخصیتوں کے حالات بھی قلم بند کیے گئے ہیں۔

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۹۶۳ء میں شائع ہوا تھا اس کے بعد دس سال کے دوران میں اہم واقعات پیش آئے۔ کمونسٹوں کی ناکام بغاوت، سوکارنو کے زوال اور سوہارتو کے برسرِ اقتدار آنے سے جو نتائج مرتب ہوئے اور داخلی و خارجی مسائل کو حل کرنے کی جو تدبیریں اختیار کی گئیں، ان کو وضاحت سے بیان کرنے کے لیے اس ایڈیشن میں دو ابواب کا اضافہ کیا گیا ہے اور پہلے ایڈیشن کے آخری تین باب بھی دوبارہ لکھے گئے ہیں تاکہ ملک کو درپیش مسائل، نئے دور کے رجحانات اور ممتاز قومی رہنماؤں کے مقاصد و نظریات سے بخوبی واقفیت ہو سکے اور اس ملک کا ہر پہلو بخوبی نظروں کے سامنے آ جائے۔

قیمت: ۱۵ روپے

ملنے کا پتہ: ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور

© rasailojaraid.com